## مذہبی انتہاپسندی اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے پنجاب کے عوام کو آگے آنا ہوگا اور عملی جدوجہد کرنی ہوگی۔الطاف حسین
## ایم کیوایم کی تاریخی ریلی میں عوام نے لاکھوں کی تعداد میں شرکت کرکے مذہبی انتہاپسندی کو مسترد کردیا ہے
## ایم کیوایم پنجاب کی آرگنائزنگ کمیٹی، لاہور آرگنائزنگ کمیٹی اور شعبہ خواتین پنجاب کے ذمہ داران سے ٹیلیفون پر گفتگو

لندن۔۔۔18اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ مذہبی انتہاپسندی اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور اپنے حقوق کے حصول کیلئے پنجاب کے عوام کو خود آگے آنا ہوگا اور عملی جدوجہد کرنی ہوگی۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز لاہور میں ایم کیوایم کے صوبائی دفتر پنجاب ہاؤس پر ایم کیوایم پنجاب کی آرگنائزنگ کمیٹی، لاہور آرگنائزنگ کمیٹی اور ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب کے ذمہ داران سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر تمام ذمہ داران نے مذہبی انتہاپسندی کے خلاف 15اپریل کو کراچی میں ایم کیوایم کی جانب سے منعقد کی جانے والی تاریخی ریلی کی کامیابی پر جناب الطاف حسین کو زبردست مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں ایم کیوایم کی تاریخی ریلی میں عوام نے لاکھوں کی تعداد میں شرکت کرکے مذہبی انتہاپسندی کو مسترد کردیا ہے اور اب پورے ملک کے عوام نے اپنے اتحاد سے ثابت کردیا ہے کہ وہ مذہبی انتہاپسندی کے خلاف ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران سے کہا کہ وہ مذہبی انتہاپسندی کے خلاف پنجاب میں دوسری بڑی ریلی کیلئے بھرپورانداز میں اپنی تیاریاں شروع کردیں تاکہ پنجاب بھر سے عوام بھاری تعداد میں اس ریلی میں شریک ہوکر ثابت کردیں کہ وہ بھی مذہبی انتہاپسندی اور ڈنڈا بردار شریعت اور کلاشنکوف شریعت کے خلاف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک سے مذہبی انتہاپسندی کے خاتمہ کیلئے پنجاب کے عوام کو ان عناصر کے خلاف میدان میں آنا ہوگا جو انتہاپسندی کے ذریعے دنیا بھر میں پاکستان اور اسلام کی غلط تصویر پیش کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں انقلاب صرف نعروں سے نہیں آیا کرتے بلکہ اس کیلئے میدان عمل میں آکر جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے پنجاب کے عوام کو بیدار ہونا ہوگا،انہیں اپنی قسمت بدلنے کیلئے خود آگے آنا ہوگا اور زبانی باتوں اور دعووں کے بجائے عملی جدوجہد کرنی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے جاگیرداروں نے اپنے مفاد پرستانہ عمل وکردار کے ذریعے پنجاب کے عوام پر جو داغ لگایا ہے پنجاب کے غیرت مند کسانوں،محنت کشوں،نوجوانوں اور غریب ومتوسط طبقہ کے تمام عوام کو اپنے جراتمندانہ عمل وکردار کے ذریعے اس داغ کو دھونا ہوگا اور عملی جدوجہد سے دوری کی روایت کو بدلنا ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے تمام ذمہ داران سے کہا کہ وہ پنجاب کے ایک ایک ڈسٹرکٹ، ایک ایک تحصیل اور ایک ایک گاؤں میں اپنی رابطہ مہم شروع کردیں اور تمام کارکنوں فعال کو کیا جائے۔

## ایم کیوایم گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ کے کارکن محمد لقمان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔18اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم گوجرانوالہ ڈسٹرکٹکے کارکن محمد لقمان کے انتقال پر دلی افسوس اور صدمہ کا اظہار کیا ہے۔واضح رہے کہ محمد لقمان کا ٹریفک حادثے میں انتقال ہوگیا تھا۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپکے غم میں برابر کے شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کہ کہ اللہ تعالیٰ محمد لقمان مرحوم کو اپنی جوار رحمت مین جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## کامیاب ریلی کے انعقاد پر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں شکرانے کے نوافل ادا کئے گئے

جدہ۔۔۔18،اپریل 2007ء

قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی اپیل پر اتوار کے روز کراچی میں ہونیوالی کامیاب ریلی پر سعودی عرب میں مقیم محبان پاکستان کے اراکین نے تنظیم کے چیف آرگنائزر عزیز خان کی ہدایت پر مکہ اور مدینہ منورہ میں شکرانے کے نوافل ادا کئے۔مسجد نبوی ﷺ میں اراکین نے شکرانے کے نوافل کے بعد روضہ رسولؐ پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی جانب سے سلام عقیدت پیش کیا۔ دریں اثناء سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں اور تمام اراکین محبان پاکستان نے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین بھائی کو تاریخی ریلی کے انعقاد اور جرات مندانہ خطاب پر مبارکباد دیتے ہوئے زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## ایم کیوایم میرپورخاص زون کے کارکن محمد راشد مرحوم کا سوئم
## حق پرست ارکان اسمبلی نے مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے تعزیت کی

میرپورخاص۔۔۔18،اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون یونٹ 4/B کے کارکن محمد راشد کا سوئم میرپورخاص میں واقع مسجد اویس قرنی میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی فاتحہ خوانی کی گئی۔ سوئم کے اجتماع میں حق پرست تعلقہ ناظم، نائب ناظم، یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم میرپورخاص زونل کمیٹی کے ارکان،سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء حق پرست رکن قومی اسمبلی پرویز قریشی اور رکن سندھ اسمبلی نعیم اشتیاق نے محمد راشد مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔

اس موقع پر انہوں نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم گڈاپ ٹاؤن اور لیاقت آباد سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔18، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ ٹاؤن یونٹ یوسی 4 گجرو کے کارکن سلیم کے والد عبدالحمید اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے کارکن خیر محمد کی والدہ محترمہ شہزادی بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆